Mr. Hoveida yesterday left Moscow for Riga for a rest, Tass news agency said.

The agency said Iran's Deputy Minister of Economy, Jawad Wafu discussed economic co-operation with Mr. Ivan Arhipov, First Vice-Chairman of the State Committee for Foreign Economic Contacts.

Kabul Ministry for 'Pakhtunistan'

LONDON, Aug. 2: Afghanistan has set up a Tribal Affairs Ministry in order to step up the 'Pakhtunistan' movement, BBC reported today quoting Kabul Radio.

The Radio, however, did not name the Minister in-charge of the new Ministry.

India protests against building of Gilgit road

NEW DELHI, Aug. 2: India has protested against the construction of the Gilgit-Sinkiang road which Pakistan built with the Chinese co-operation, Deputy Foreign Minister Surendra Pal Singh said today.

Mr. Singh claimed that the road had been constructed "on part of the Indian territory".—AIR.

Indian anti-tank missiles on production line

NEW DELHI, Aug. 2: India has begun production of anti-tank missiles, the Government told Parliament today.

It said that self-sufficiency had been achieved in small arms, light artillery and their ammunition.

The Government had approved a Rs. 465 million project to manufacture a field gun.—Reuter.

Neguib says he has been rehabilitated

BEIRUT, Aug. 2: The first President of Egypt, General Muhammad Neguib, broke 19 years of silence today to say that he had been 'rehabilitated' by President Anwar Sadaat.

Recalling that he was aged over 70, Gen. Neguib said that it was too late for him to 'play any sort of role' in politics. But he said: 'President Sadaat has not lacked thoughtfulness towards me. He had a diplomatic passport issued for me and he has rehabilitated me.'

The late Colonel Gamal Abdel Nasser and his fellow officers made Gen. Neguib the country's first President when the royalty was abolished in June 1953. Col. Nasser overthrew him 17 months later, in November 1954, and placed him under house arrest.

As quoted in an interview today in the Beirut weekly 'Al-Hawadess', Gen. Neguib contrasted his treatment under Col Nasser and under Mr. Sadaat, who came to power after the death of Col. Nasser in October 1970.

When his son died during the Nasser period, Gen. Neguib said that he was forbidden to attend the funeral. But his wife received the funeral due to the wife of a former Head of State when she died during Mr. Sadaat's mandate.

He had yet to meet Mr. Sadaat, Gen. Neguib said, but Vice-President Hussein el-Shafei was sent to see him after Mr. Sadaat took power. This was the only high-level visit he had received at El-Marg since Col. Nasser came on November 14, 1954, he said. An hour later he was under house arrest.

He said that he sent Mr. Sadaat a telegram on May 15, 1971, at the time of the purge of Vice-President Ali Sabry and associates, declaring support of steps Mr. Sadaat had taken to 'assure the people's right to liberty and lay the foundations for genuine democracy.'—AFP.

Move to unite Bethlehem with Jerusalem rejected

BETHLEHEM, Aug. 2: Bethlehem Municipal Council today "categorically" rejected a reported proposal to "unite" the town with neighbouring Jerusalem.

"Through history Jerusalem and Bethlehem were twin cities each with its own character," the Council said in a resolution passed at an emergency meeting called by Mayor Elias Freij.

The daily newspaper 'Haaretz' reported on Monday that Israeli Ministers, including Moshe Dayan, had agreed to rezone as building and the four kilometers (two-and-a-half miles) of farm country which now separates the town from the city, in occupied Jordan —AFP.

Egypt-B.D. missions' exchange

CAIRO, Aug. 2: Egypt and Bangladesh have decided to establish a mission in each other's capital, it was announced here yesterday.

The announcement said Ambassador Ata-ur-Rahman will head the Bangladesh mission in Cairo, while Ambassador Mohammed Wafa Hegazy will head Egypt's mission in Dacca.

LARGEST ASSEMBLY OF MUSLIMS IN N. AMERICA

Muslim Students Association the largest muslim body on this continent holds its conventions annually and brings together at one place muslims from U.S., Canada and overseas. During the Labour Day weekend this year it is estimated that more than 1500 muslim men, women and children will attend the eleventh annual convention to be held at Michigan State University Campus, East Lansing. Two bus-loads of Canadians participants --one from Montreal and the other from Toronto-- will be attending this convention. This year's theme is Education and Social Change in Muslim Society. The highlights of the program will feature a series of panel discussions, workshops, lectures, women's committees and special-interest group meetings and a youth camp. Those who have been to previous conventions expressed that such gatherings are unique opportunities to experience muslim environment in a non-muslim melieu and to learn more about Islam.

900 held: Strike paralyses life in Kerala

NEW DELHI, Aug. 2: Civic life in Kerala was completely paralysed due to a State-wide strike observed at the call of Opposition parties, according to All India Radio.

Even hotels remained closed today.

The strike was called in protest against the shortage and high prices of food. Clashes between the police and the strikers were reported from several places. At many places the police resorted to firing. The police arrested 500 persons today, 400 were taken in custody earlier. All educational institutions have been closed for tomorrow in view of the deteriorating law and order situation.—AIR.





بزمِ خواتین

میں چھ ہفتے گُم سُم رہی

راحیلہ عارف



تین بچوں کی ماں اور ایک تنک مزاج شوہر کی بیوی ہونے کی حیثیت سے میں زندگی میں گوناگوں تجربات اور مشاہدات سے گزری ہوں لیکن وہ تجربہ جو مجھ پر کامل چھ ہفتے طاری ہوا ہر اعتبار سے حقیقتوں کا نچوڑ ہے۔

ہُوا یُوں کہ میں گزشتہ چھ ماہ سے اپنے اندر عجیب طرح کا اضطراب اور بے چینی محسوس کر رہی تھی۔ عارف سے اس لیے ذکر نہ کیا کہ وہ اپنے کاموں اور دوستوں میں بے حد منہمک رہتے ہیں، ان کی جبیں پر شکنِ ملال کیوں آنے دوں، پھر اضطراب، درد اور درد پیچوں میں تبدیل ہو گیا۔ اور ایک روز میں نے عارف سے کہہ ہی دیا: مجھے کسی ڈاکٹر کے پاس لے چلو نامعلوم سی بے چینی نے میرا وجود ہلا رکھا ہے۔ ایک ماہرِ نفسیات اُن کے ان دنوں بہت دوست تھے، چنانچہ کچھ سوچے سمجھے بغیر مجھے ان کے کلینک میں لے گئے۔

ڈاکٹر عرفان نیں تو بہت شفیق اور خلیق ثابت ہوئے مگر اُن کے چہرے پر ایسی ہوائیاں اُڑتی رہیں جن سے میرا اعتماد اور صحت مند ہو جانے کا یقین بھی ہَوا ہو گیا۔ انہوں نے میرا معائنہ بہت احتیاط اور ریاضت کے ساتھ کیا اور دوائیں بھی اپنے خیال میں سب سے اچھی دیں مگر میرے مرض میں اضافہ ہوتا چلا گیا اور ایک شام میں بُری طرح بے دم فرش پر گر پڑی۔ اُس شام بچے اپنی خالہ کے ہاں گئے ہوئے تھے اور عارف رات کے گیارہ بارہ بجے سے پہلے آتے ہی نہ تھے۔ کئی گھنٹے بے ہوش پڑی رہی اور جب ہوش آیا تو برابر والی پڑوسن میرے قریب بیٹھی میرے منہ پر پانی کے چھینٹے مار رہی تھی۔ یہ وہی پڑوسن تھی جس سے میں اکثر لڑتی رہتی۔ مگر اس کے باوجود اُس کے حُسنِ اخلاق میں کمی نہ آئی تھی۔

عارف دوسرے روز علی الصباح مجھے جرمن ڈاکٹر کے پاس لے گئے۔ یہ ڈاکٹر بھی اُن کے دوست ہی تھے۔ دونوں کا شغل مشترک دست شناسی تھا۔ ڈاکٹر نے میرا بغور طبّی معائنہ کیا اور پھر اُن کے چہرے پر تشویش کے آثار اُبھرنے لگے۔ ان کے ہونٹوں کی جنبش نے آپریشن کا لفظ ادا کیا اور میری گویا جان ہی نکل گئی۔ آپریشن سے مجھے بے حد خوف آتا ہے۔ میں یکدم بے رُوح سی ہو گئی۔ اس پر ڈاکٹر نے کچھ سوچتے ہوئے عارف سے کہا:

"انہیں خطرناک آپریشن سے گزرنا ہوگا، البتہ ہم ایک اور تدبیر کر سکتے ہیں، اس میں کامیابی کا انحصار مریضہ کے مکمل تعاون پر ہوگا۔"

"میں پُورا تعاون کروں گی۔"

"آپ کو مکمل چھ ہفتے خاموش رہنا ہوگا، ایک لفظ بھی زبان سے نکلنے نہ پائے۔ یہ آپ کے مرض کا سب سے سائنٹیفک اور مؤثر علاج ہے۔"

خاموشی کا آپریشن شروع ہوا تو مجھے اپنی ذات کے بارے میں [illegible] دلچسپ انکشافات ہوئے۔ خاموشی کے پہلے ہی دو روز میں یہ احساس اُبھرا کہ میں بہت زیادہ باتیں کرتی ہیں۔ میرے تینوں بچے نشاط، اقبال اور فرح ابتدائی اسکول میں پڑھتے ہیں۔ میں ان کے ساتھ ہمیشہ اُلجھتی رہتی، ہر اسکول جاتے وقت انہیں بے شمار نصیحتیں کرتی، باہر کھیلنے کے لیے نکلتے تو بار بار گھر آنے کی تاکید کرتی۔ کھانے کے وقت ضرور گھر آ جانا، سخت گرمی یا بارش کے دن ہوتے تو انہیں چھتری لے جانے کی تاکید کرتی اور وہ میری باتیں ان سنی کر دیتے۔ خاموشی کے تجربے نے ثابت کر دیا یہ سب باتیں غیر ضروری اور نقصان دہ ہیں [illegible]

پانچ پہلے رات کو سونے کا ایک چارٹ بنا [illegible] ہر کام کے اوقات مقرر [illegible] ایک ایک [illegible] پہلی کھاتی ہوں اور [illegible] دوسری [illegible] بستر پر جمع ہو جاتے ہیں [illegible] کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ اتفاق سے انہی دنوں آسمان ابر آلود تھا۔ میں نے بچوں کے بستروں کے قریب چھتریاں لا کر رکھ دیں اور وہ انہیں اپنے ساتھ لے گئے، ورنہ کسی نہ کسی بہانے سے بار بار کی تاکید کے باوجود چھوڑ جایا کرتے تھے۔ میں نے محسوس کیا دھمکیاں دراصل بغاوت کرنے پر اکساتی ہیں۔ بار بار کا اصرار اور وقت بے وقت کی دھمکیاں بچوں میں گریز اور حکم عدولی کے جذبات پیدا کرتی ہیں۔

* * *

پھر جلد ہی مجھ پر انکشاف ہوا کہ بیویاں بہت باتیں کرتی ہیں۔ عارف اور میں پہلے کے مقابلے میں زیادہ گہرے دوست بن گئے ہیں۔ میری خاموشی کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوا کہ میرے شوہر کی خودی کو زبردست سکون اور خوشی حاصل ہوئی ہے۔ صرف وہی باتیں کرتے ہیں اور میں مداخلت نہیں کرتی، انہی کی ہر بات پہلی اور آخری ہوتی ہے۔ میں پہلے بھی عارف سے بہت الجھتی مگر بیوی بہرحال بیوی ہے۔ اس کی باتوں میں طنز اور نوک جھونک آ ہی جاتی ہے۔ کوئی چبھتا فقرہ کوئی حسد و رقابت میں ڈوبا ہوا جملہ ___ ایک حرفِ شکایت ایک لفظ تھا۔ عارف ان تمام گردشوں سے آزاد ہو گئے۔ اب وہ رات گئے آنے کے بجائے سرِ شام ہی گھر آ جاتے ہیں اور تعجب یہ کہ کوئی ہلکا پھلکا تحفہ بھی لے آتے ہیں اور آتے ہی پوچھتے ہیں: "راحیلہ کیسی ہو؟" میں مسکراہٹ سے جواب دیتی ہوں اور یُوں ہماری نئی زندگی [illegible] چہکنے لگی ہے۔

خاموش رہنے کی وجہ سے بہت سے غیر ضروری پروگرام ختم ہو گئے۔ پہلے میرا زیادہ وقت سہیلیوں کی آمد و رفت [illegible] کے [illegible] میں گزرتا [illegible] پیچھے پڑی رہتی۔ اب محسوس ہوا خاموشی نے مجھے وقت کا بے بہا خزانہ [illegible] ہے۔ آجکل نئے نئے کھانے پکاتی ہوں اور شاید یہی وجہ ہے عارف جلد گھر آ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ میں نے ایک مدت کے بعد پردے بدلے، کمروں کی ترتیب و تزئین میں نئے نئے تجربے کیے، بچوں کے کپڑے اپنے ہاتھ سے سیے، اس طرح آہستہ آہستہ ایک عظیم انقلاب اُبھرتا ہوا محسوس کیا۔ یُوں لگتا ہے گھر میں دلچسپی لینے کی وجہ سے سب کے رویّوں میں خوشگوار تبدیلی آئی ہے۔

* * *

ایک ہی ہفتے میں مجھے زندگی کا ایک اور خوشگوار احساس ہوا کہ عورتیں بہت زیادہ بولتی ہیں۔ خاموش رہنے سے اندازہ ہوا میری کتنی قوت باتوں میں صرف ہو جاتی تھی۔ دن میں ایک دو بار پڑوس کی عورتوں سے کبھی بچوں پر اور کبھی کسی چیز کے تبادلے پر ضرور کھٹ پٹ ہو جاتی۔ میرے ذہن میں یہ بات نجانے کیسے بیٹھ گئی تھی کہ جس قدر بلند آواز میں تیز تیز بولا جائے اسی قدر زیادہ کامرانی حاصل ہوتی ہے، چنانچہ بے تکان باتیں کرتی اور کسی کو آگے نہ بڑھنے دیتی۔ پھر یہ بھی معمول تھا کسی کے شوہر کی بُرائیاں ہو رہی ہیں اور کسی عورت کے اندر کیڑے ڈالے جا رہے ہیں۔ کپڑوں کی قیمتوں اور نئے نئے ڈیزائنوں کے تذکرے ہوتے، دکانوں کے پتے لیے جاتے، شوہر سے مطالبے ہوتے، کبھی مایوسی ہوتی اور کبھی بدگمانی ہر وقت ذہن میں ہیجان برپا رہتا۔ باتوں کی لَے میں کبھی ایسی بات بھی عارف کے سامنے نکل جاتی جس سے انہیں تکلیف پہنچ سکتی تھی۔ اب تمام ہنگامے بند اور سارا شور و شر سکون میں تبدیل ہو گیا ہے۔

مجھے اپنی ذات کا محاسبہ کرنے کا موقع ملا، کتابیں پڑھنے کی عادت ہوئی اور یہ دیکھ کر میں حیران رہ گئی کہ ایسی اچھی اچھی کتابیں جو زندگی گزارنے کے سنہری اصول بتاتی ہیں اور بچوں کی تربیت کے کُھلے خاکے دیتی ہیں، میرے گھر میں تھیں اور میں نے انہیں ہاتھ تک نہ لگایا تھا، اب اپنے بچوں کی تعمیر اور ان کی نشوونما بہتر خطوط پر کر سکوں گی۔

خاموشی کے بطن سے ایک اور تجربہ پیدا ہوا۔ شادی کے بعد میں نے اپنی پرانی سہیلیوں سے خط کا رشتہ توڑ لیا تھا، اُن کے خط آتے اور میں جواب نہ دیتی۔ پھر انہوں نے بھی خاموشی اختیار کر لی۔ اس بار میں نے اپنی سہیلی کو خط لکھا جو بچپنے سے میرے ساتھ پڑھتی آئی تھی۔ خط لکھنے پر مجھے یقین ہی نہ آیا کہ یہ میرا خط ہے ___ اور جب ایک ہفتے بعد مجھے جواب موصول ہوا، تو عجیب طرح کی خوشی حاصل ہوئی۔ ایسی خوشی جو بیان نہیں کی جا سکتی، میری رُوح کو سکون سا مل گیا اور میرا درد، جو اب بھی بار بار اٹھتا تھا بکھر ختم ہو گیا۔

* * *

اور پھر وہ وقت بھی آیا جب مجھے رات کی خاموشی میں اپنے خالق کے ساتھ باتیں کرنے میں لطف آنے لگا۔ نماز پہلے بھی پڑھتی تھی اور قرآن مجید کی تلاوت میرا روز کا معمول تھا مگر رُوحانی لذت میں کمی واقع ہو چکی تھی۔ چھ ہفتہ خاموشی نے میرا رشتہ معبودِ حقیقی کے ساتھ جوڑ دیا اور مجھ میں نیکی کا جذبہ اُبھرنے لگا۔ میں اپنے اندر حیرت انگیز تبدیلی محسوس کر رہی تھی۔ دوسروں کی غیبت کرنے میں پہلے بہت مزا آتا تھا مگر اب اُس کے تصور ہی سے دل کانپنے لگا۔ میرے اندر انسانوں کے لیے محبت اور خدمت کا زبردست شعور پیدا ہوا اور وہ تمام زیادتیاں ایک ایک کر کے یاد آنے لگیں جو مجھ سے نادانی یا ہٹ دھرمی سے سرزد ہو گئی تھیں، اچھے کاموں کے ذریعے ان کا ازالہ کرنا چاہتی ہوں۔

* * *

چھ ہفتے بعد ہم ڈاکٹر کے پاس گئے۔ وہ میری صحت یابی پر اُچھل پڑے، کہنے لگے:

"اس قدر اچھے نتائج کی مجھے توقع نہ تھی، تمہارا مرض دُور ہو چکا ہے۔"

"جدید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ زیادہ بولنے سے جسم میں ایک ایسا ردِ عمل پیدا ہوتا ہے جو مختلف شکلوں میں مرض کی حیثیت اختیار کر جاتا ہے۔ عورتوں کے بیشتر امراض ہیجانی گفتگو سے پیدا ہوتے ہیں اور پھر ناسور بن جاتے ہیں۔ ان کا خاموشی سب سے اچھا مرہم ہے۔"

■■

خوانِ نعمت

سوجی کے حلوہ کی ٹکیاں

اشیاء: چینی ایک سیر۔ سوجی ایک سیر۔ گھی ڈیڑھ پاؤ۔ کشمش آدھ پاؤ۔ بادام کی گری ایک پاؤ۔ الائچی کے دانے ۱۰ عدد۔ چاندی کے ورق۔

ترکیب: سوجی کو صاف کر لیں۔ اب اُسے کڑاہی ڈال کر بھونیں۔ آگ دھیمی ہو۔ چمچہ چلاتی رہیں۔ سوجی کو زیادہ براؤن نہ کریں۔ جب اچھی طرح بھون چکیں۔ تو آگ پر سے اُتار لیں۔ پھر اُس میں ایک پاؤ گھی ڈال لیں۔

اب اس میں کشمش دھو کر ڈال دیں۔ آدھے بادام بھی سُکھے ہوئے ڈال دیں۔ اب پھر آگ پر چڑھا دیں۔ اور چمچہ چلاتی رہیں۔ جب سب چیزیں حل ہو جائیں تو چینی ڈال دیں۔ چینی ڈال کر ڈیڑھ پاؤ پانی ڈال دیں۔ چمچہ اچھی طرح چلائیں۔ جب یہ سمجھ لیں کہ سب چیزیں حل ہو گئی ہیں اور حلوہ تیز گرم ہو گیا ہے اور ڈھیلا ڈھیلا ہو گیا ہے تو اُتار لیں۔ اب آدھ پاؤ گھی کو تیز گرم کر کے الائچی کے دانے ڈال دیں۔ جب الائچی خوشبو چھوڑنے لگے تو اُسے حلوہ میں ڈال دیں اور اچھی طرح حل کر لیں۔ اب کسی کھلے برتن یا تھال میں ڈال کر اچھی طرح پھیلا دیں۔ باقی بچے ہوئے بادام بھی ڈال دیں۔ اب کسی کٹورے سے اُسے اوپر سے دبائیں تاکہ بادام جم جائیں۔ اور حلوے کی سطح صاف اور ہموار ہو جائے۔

اب چاندی کے ورق سجا دیں۔ ٹھنڈا ہونے کے لئے رکھ دیں۔ جب دیکھیں کہ اچھی طرح ٹھنڈا ہو گیا ہے اور کاٹنے پر ٹوٹتا نہیں ہے تو اسے چوکور ٹکیوں میں کاٹ لیں۔ حلوہ تیار ہے۔ شام کی چائے کے ساتھ بے حد لذیذ لگے گا۔ آج ہی بنائیں اور کھا کر دیکھیں۔

قورمہ پلاؤ

اشیاء: آدھ سیر گوشت۔ آدھ سیر چاول۔ آدھ پاؤ دہی۔ ایک پاؤ پیاز۔ ایک درمیانی پوتھی لہسن۔ دو انچ کا ٹکڑا ادرک۔ دو تولہ گرم مصالحہ۔ ایک چھٹانک بادام۔ نمک اور ثابت مرچ لال حسبِ ذائقہ۔ گھی تین چھٹانک۔

ترکیب: چاول چن کر پانی میں بھگو دیں۔ پیاز باریک کاٹ لیں۔ لہسن اور ادرک پیس لیں۔ گرم مصالحہ کوٹ لیں۔ لال مرچیں بھی کوٹ لیں۔ گھی میں پیاز ڈال کر بادامی کر لیں۔ پیاز کی آدھی مقدار نکال کر الگ کسی پلیٹ میں رکھ لیں۔ اور بقیہ پیاز میں جو دیگچی میں ہے۔ گوشت نمک مرچ۔ ادرک اور لہسن ڈال کر بھون لیجئے۔ پھر اتنا پانی ڈالیے کہ گوشت گل جائے۔ گوشت گلنے کے بعد دہی ڈال کر تھوڑی دیر ہلاتی رہیے۔ اب چاول ڈال کر ہلکا بھون لیجئے۔ اس کے بعد اتنا پانی شامل کیجئے کہ چاول دو کنی پر پک جائیں۔ گرم مصالحہ بھی پانی کے ساتھ ہی ڈال دیجئے۔ اور اسے درمیانی آگ پر رکھ دیجئے۔ پانی سوکھ جائے تو دم دے دیں۔ ڈش میں نکالتے وقت پلاؤ پر تلی ہوئی پیاز اور بادام ڈال دیجئے۔ نہایت لذیذ پلاؤ تیار ہو گا۔

شاہی ٹکڑے

اشیاء: ایک عدد ڈبل روٹی۔ دودھ ایک پاؤ۔ شکر حسبِ ذائقہ۔ لونگ ایک عدد۔ ۲ عدد چھوٹی الائچی۔ آدھی چھٹانک بادام و پستہ۔ گھی ایک درمیانہ چمچہ۔ کیوڑے کے چند قطرے۔ ایک پاؤ کھویا یا ربڑی۔

ترکیب: ڈبل روٹی کے سلائس کاٹ لیں۔ انہیں ہلکی آنچ پر گھی میں تل لیں یہاں تک کہ وہ سُرخ ہو جائیں اب ایک دیگچی میں گھی ڈال کر الائچی اور لونگ بگھار لیں اس میں شکر اور دودھ ڈال کر کچھ دیر پکنے دیں۔ اب سب سلائس دیگچی میں اس طرح ڈالئے کہ سب کے سب دودھ میں ڈوب جائیں۔ کھویا ربڑی ہاتھ سے مسل کر ڈبل روٹی کے ٹکڑوں پر چھڑک دیں۔ چمچ سے ٹکڑوں کو اوپر نیچے کریں۔ اب دیگچی کو ڈھک دیں۔ کچھ دیر بعد جب دودھ خشک ہو جائے تو دیگچی نیچے اتار کر کٹے ہوئے بادام اور پستہ اور کیوڑہ ان ٹکڑوں پر چھڑک دیں۔ شاہی ٹکڑے تیار ہیں۔

★ بہنوں سے گزارش ہے کہ وہ ہمیں پکوان کی ترکیبیں لکھ بھیجیں۔
(ادارہ)



یوم آزادی ٹیلی ویژن کی تمام تقریبات منسوخ کر دی گئیں

وزیر اعظم کا استقبالیہ بھی منسوخ : بھٹو کی زیر صدارت مرکزی کابینہ کے اجلاس کا فیصلہ

اس سیلاب کی مثال نہیں ملتی۔ عوام حکومت کی مدد کریں۔ دوست ملکوں نے مدد کی پیشکش کی ہے۔ بھٹو

ساتھ ہی امداد کا کام جاری ہے کئی دوست ممالک پہلے ہی امداد کا پہلی کھیپ بھیج چکے ہیں۔ اس کے نقصانات کے ازالے کے لئے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی جائے گی۔

پیر پگارا کل محاذ کے ارکان کونسل سے ملاقات کرینگے

نئے دور کا آغاز نئے انداز فکر سے کیا جائے

یوم آزادی پر گورنروں اور وزراء کے بیانات


ایران امریکہ سے نیٹریم اور دیگر ہتھیاروں کا بڑا ذخیرہ خریدے گا

باقی صفحہ آخر کالم میں

چین نے افغانستان کی نئی حکومت کو تسلیم کر لیا

ہانگ کانگ۔ ۲۰ جولائی (رائٹر) چین نے افغانستان میں جنرل داؤد کی نئی حکومت کو تسلیم کرنے کا اعلان کیا ہے تو ای جمہوریہ چین نے سردار داؤد کے اس اعلان کا خیر مقدم کیا ہے کہ افغانستان غیر جانبدار رہے گا۔

مقبوضہ کشمیر میں پاکستانی ٹی وی پروگرام








جنگی قیدیوں کے لیے پیغام — انشاء اللہ جلد رہا ہو کر آئیں گے

نظریۂ پاکستان اور ملک کی سالمیت کا دفاع آپکی ذمہ داری ہے: فضل الٰہی

ہمارا دل اپنے بھائیوں کے لیے مضطرب ہے جو جنگی قیدی ہیں

آپ کی قربانیاں اور عزم ہمارا حوصلہ ہمیشہ بلند رکھیں گے




صدر فضل الٰہی — وزیراعظم بھٹو

بھٹو کو اندرا کی مبارکباد

آئین کی کامیابی کا انحصار قوم پر ہے

مجیب نے مقدمے چلائے تو ہم بھی ویسی ہی جوابی کارروائی کریں گے

مقدمہ بازی سے حالات اور بگڑ جائیں گے اور امن کا قیام مشکل تر ہو جائے گا

راولپنڈی ۔ اگست (اے پی پی) صدر ذوالفقار علی بھٹو نے کہا ہے کہ پاکستان جارحانہ مقاصد کے لئے ہرگز ہتھیار حاصل نہیں ... امریکی اخبار کرسچین سائنس مانیٹر کے نمائندہ کو ایک ...

میاں ممتاز دولتانہ کو سفارت سے ۳۰ جولائی تک الگ ہونے کی ہدایت

تعمیل نہ کرنے کی صورت میں مسلم لیگ سے نکال دیا جائے گا

لاہور ۔ پاکستان مسلم لیگ کی ہائی کمان نے لندن میں پاکستانی سفیر میاں ممتاز دولتانہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے موجودہ عہدے سے جلد استعفیٰ دے دیں ...

پاکستان اور بھارت میں ٹیلی مواصلات کا سلسلہ بحال ہو گیا

اسلام آباد ۔ ریڈیو رپورٹ ۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان مذاکرات کل یہاں شروع ہو رہے ہیں۔ اس سلسلے میں دونوں ملکوں کے درمیان ٹیلی مواصلات کے ذرائع بحال کر دیئے گئے ہیں۔ اور دونوں ملکوں کے درمیان براہ راست ٹیلی فون اور وائرلیس کے ذریعہ پیغامات کا تبادلہ ہو سکے گا۔ بھارتی اخبار نویسوں کو جو بھارتی وفد کے ساتھ آئے ہیں اپنے اخبارات کو خبریں ارسال کرنے کی سہولت مہیا کر دی گئی ہے۔

جنرل داؤد کو لیبیا کے سرکاری دورے کی دعوت

پشاور ۔ (اے پی پی) ریڈیو کابل نے اعلان کیا ہے کہ لیبیا کے صدر قذافی نے افغانستان کے نئے سربراہ جنرل داؤد کو لیبیا کے سرکاری دورے کی دعوت دی ہے۔ دعوت لیبیا کے ایک خیر سگالی مشن نے براہ راست جنرل داؤد کو پہنچائی۔

سڈنی ۔ (رپ) آسٹریلیا کے وزیراعظم مسٹر وٹلم تین روزہ غیر سرکاری دورے پر آج واشنگٹن پہنچ گئے۔ جہاں وہ صدر نکسن اور ڈاکٹر ہنری کسنجر سے ملاقات کریں گے۔

کرکٹر عظمت رانا چوری کے الزام میں گرفتار

کراچی ۔ (رپ) کل رات مقامی پولیس نے پاکستانی ٹیسٹ کرکٹر عظمت رانا کو چوری کے الزام میں گرفتار کر لیا وہ آج شام تک حوالات میں بند تھا۔ پولیس نے کہا ہے کہ ... ۲۵۰ روپے تھے۔ پولیس کے مطابق ... ہے اس سوزکی نتشی کی جستجو جاری ہے۔

برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے کی پوری کوشش کی جائے گی

لندن کے ہوائی اڈہ پر صدر بھٹو کا پرجوش خیر مقدم: استقبال کرنے والے ہزاروں پاکستانیوں سے صدر کا خطاب

برطانیہ بھارت کی اندھی حمایت سے دستکش ہو جائے گا

صدر بھٹو کے دورہ سے برطانوی حکام پاکستان کا موقف بہتر طور پر سمجھنے لگے ہیں

ہم تمام ہمسایہ مسلم ممالک سے دوستی چاہتے ہیں: پاکستان کا اعلان

امریکہ، برطانیہ، ترکی اور آسٹریلیا نے بھی نئی حکومت کو تسلیم کر لیا



احسان دانش کیلئے انعام کا اعلان

راولپنڈی ۔ (اپ پ) وزیر اطلاعات مولانا کوثر نیازی نے ممتاز شاعر و ادیب حضرت احسان دانش کو ان کی قابل قدر تصنیف "جہان دانش" پر حکومت کی طرف سے پانچ ہزار روپیہ انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔

مسلم وزرائے خزانہ کا اجلاس

مغربی پاکستان اور بنگال کے مسلمان باہمی اختلافات ختم کر کے اسلامی اخوت کا علم بلند کریں

تمام اسلامی ممالک جنگی قیدیوں کی رہائی کے لئے بھارت پر دباؤ ڈالیں: مفتی اعظم فلسطین

لندن میں بھارتی ہائی کمیشن نے جنگی قیدیوں کی رہائی کے بارے میں عرضداشت وصول کرنے سے انکار کر دیا

پاکستانی نوجوان ۱۲۵ میل کا پیدل سفر طے کر کے عرضداشت دینے آئے تھے

بھارت کے نظربندی کیمپوں میں عورتوں اور بچوں پر بھی خونخوار کتے چھوڑے گئے

ہفت روزہ
صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی
اگر ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

تحریک پاکستان

سید یوسف بادشاہ حسینی

> لارڈ کرزن نے مسٹر گاندھی کے متعلق کہا تھا:
> کانگریس کا ننگا فقیر وائسرائے محل کی سیڑھیاں چڑھتا چلا جارہا ہے!

۲۷ سال پہلے ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کی رات کو بارہ بج کر ایک منٹ پر برصغیر ہندوستان کے شمال مغربی اور مشرقی صوبے جہاں مسلمان اکثریت میں تھے انگریزی اقتدار سے آزاد ہوگئے اور مملکت پاکستان وجود میں آگئی۔ یہ ایک شاعر کے خواب کی تعبیر اور قائد کی قیادت کا اعجاز تھا، منشائے قدرت تھا، مشیت ایزدی تھی۔ آدم خور سے کماس باڑ اور کشمیر سے راس کماری تک پاکستان کی جغرافیائی حدود سے قطع نظر برصغیر ہند کے دس کروڑ مسلمانوں نے اس کے قیام کے لئے اپنا مال و متاع، عزت و آبرو اور آل اور اولاد سب کچھ داؤ پر لگا دیا تھا۔ ہر ایک کی زبان پر صرف ایک نعرہ تھا "لے کے رہیں گے پاکستان"۔ یہ صرف سات سال کی جدوجہد کا نتیجہ تھا جسے ہمکنار کر لیا تھا اس کا محرک صرف ایک جذبہ تھا اس خطے میں اللہ کے احکام اور محمد مصطفیٰ کی شریعت مطہرہ نافذ کئے جائیں گے۔ اسلامی نظام کا احیاء ہوگا۔ ایک ایسی مملکت قائم کی جائے گی جو اسلامی حکومت کی نشاۃ ثانیہ ہوگی۔

۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو ہندوستان میں مسلمانوں پر ایک قیامت گزر گئی۔ لاکھوں بندگان خدا نے جام شہادت نوش کیا۔ اپنے دیوی دیوتاؤں پر انسانی جانوں کی بھینٹ چڑھانے والے اہنسا کے پجاری دہشت و بربریت کا ننگا ناچ ناچ رہے تھے۔ معصوم بچوں اور معذور بوڑھوں اور عصمت مآب خواتین کا اس طرح خون بہایا گیا کہ تاریخ عالم اس کی مثال نہیں پیش کر سکتی۔ لاکھوں خاندان بے گھر ہوگئے، کروڑوں روپے کا مال و اسباب، مکان و جائیداد تباہ و برباد ہوگئے۔ صرف اس لئے کہ دنیا کا سب سے بڑا اسلامی ملک پاکستان منصۂ شہود پر نمودار ہوا تھا۔ اسلامیان ہند نے ایک نہایت مضبوط و مستحکم مورچہ قائم کر لیا تھا۔ مسلمانان عالم پُرامید تھے اور دنیا حیران۔

ہندوستان میں اسلام کے نفاذ کی کوششیں مسلمانوں نے قرن اول سے ہی شروع کر دی تھیں۔ حضرت امام حسینؓ نے میدان کربلا میں ہندوستان جاکر جہاد کرنے کی خواہش ظاہر فرمائی تھی۔

راجہ داہر کے دربار میں ایک کمزور و ناتواں مسلمان لڑکی نے پہلی تحریک پاکستان پیش کی۔ اس نے مجبور و بے بس ہوکر نصرت الٰہی کو آواز دی۔ حجاج بن یوسف کو پکارا۔ غیرت خداوندی جوش میں آئی اور محمد بن قاسم نے دیبل کے دروازے پر داہر کی تیرہ ہزار افواج کو شکست دے کر قیام پاکستان کی ابتداء کی۔ پھر ایک طرف سے محمود غزنوی، محمد غوری، قطب الدین ایبک، شمس الدین التمش، غیاث الدین بلبن اور دوسری طرف سے داتا گنج بخش، معین الدین چشتی رحمہم اللہ نے پاکستان کی حدود میں مسلسل اضافہ کیا۔

کنواہہ کے میدان میں جب رانا سانگا ایک لاکھ کی فوج کے ساتھ بابر کے مقابلہ پر آیا تو بابر نے اپنے بارہ ہزار سپاہیوں کے ساتھ شراب نوشی سے توبہ کر کے اللہ کی نصرت طلب کی تھی۔ [illegible] اس ملک میں جہاں فسق و فجور اور ظلم و تعدی جاری ہے [illegible] جاری کرنا چاہتا ہوں۔ [illegible] نے اپنی نصرتیں بھیجیں اور کابل سے بنگال اور کشمیر سے راس کماری تک ہندوستان کا ہر گوشہ اور ہر خطہ کلمہ لا الٰہ الا اللہ اور نعرہ تکبیر سے گونج اٹھا تھا۔ جب اورنگ زیب عالمگیر کے جانشین اس امانت کو نہ سنبھال سکے جو ان کے جلیل القدر باپ نے انہیں سونپی تھی تو حضرت شاہ ولی اللہ کی تحریک پر احمد شاہ ابدالی نے پانی پت کے میدان میں مرہٹوں کے ایک لاکھ کے لشکر کو تہ تیغ کر کے پھر ایک بار پاکستان کی بنیادیں استوار کر دی تھیں۔

پھر جب مسلمان اپنے فرض سے غافل ہوگئے انہوں نے اللہ سے کیا ہوا عہد بھلا دیا۔ "بحر شیطان نے انہیں بھٹکا دیا" وہ منصب امارت سے معزول کر دیئے گئے اور سات سمندر پار سے تجارت کے لئے آنے والے تاجروں کی ایک جماعت ان کے سر پر مسلط کر دی گئی۔

جب پلاسی کی جنگ میں سراج الدولہ اور میسور کی لڑائی میں ٹیپو سلطان کی شہادت کے بعد ہندوستان کے طول و عرض میں انگریز کی حکومت قائم ہو چکی تھی۔ اہل ہند نے اپنے زوال کا احساس کیا اور آزادی حاصل کرنے کی فکر کرنے لگے۔ مسلمانوں نے اپنے ایک ہزار سالہ دور حکومت میں ہندوؤں کی ہر طرح سرپرستی اور دلجوئی کی تھی۔ آزادی کی تحریک شروع ہوئی تو ہندو بھی ان کے شریک تھے۔ تحریک کی زمام قیادت حافظ رحمت خان روہیلہ اور آخری مغل تاجدار بہادر شاہ ظفر کے ہاتھ میں تھی۔ ایک مقصد کے لئے شرکت اسلام میں اشتراک تھا۔ غیر فطری اشتراک۔ کوشش ناکام ہوئی۔ مہاراجہ جھانسی اور راجہ پورس کا شکست خوردہ ہندو انگریزوں کا معاون و شریک ہوگیا۔ اور مسلمان ناقابل قیاس مظالم سے دوچار ہوئے۔

اب چانکیہ کے پیروکار ہندو نے ایک تیر سے دو شکار کرنے کی تدبیر سوچی اور انگریز کے تعاون و اشتراک سے انڈین نیشنل کانگریس قائم کر کے برطانوی حکومت سے تعلقات بڑھائے اور مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر کے انہیں غلام بنانے کی کوششیں شروع کر دیں۔ تقریباً بیس سال بعد مسلمانوں کو ہوش آیا اور انھوں نے ۱۹۰۶ء میں مسلم لیگ قائم کر کے اپنے حقوق کے تحفظ کے لئے جدوجہد کا آغاز کیا۔ آہستہ آہستہ تمام قابل ذکر مسلم رہنماؤں نے مسلم لیگ میں شرکت اختیار کر لی لیکن ان تمام کوششوں کا مقصد انگریزی اقتدار سے نجات حاصل کرنا تھا۔ انڈین نیشنل کانگریس ہندوستانی سیاست پر چھائی ہوئی تھی اور یہ پروپیگنڈہ کر رہی تھی کہ سارے ہندوستان کے چالیس کروڑ عوام کی اجارہ دار یہی جماعت ہے۔ یہاں تک کہ لارڈ کرزن نے برطانیہ میں مسٹر گاندھی کے متعلق کہا تھا: "کانگریس کا ننگا فقیر وائسرائے محل کی سیڑھیاں چڑھتا چلا جا رہا ہے"۔

پھر جب مولانا عبدالباری فرنگی محلی، مولانا محمد علی جوہر، حکیم اجمل خان اور ڈاکٹر انصاری جیسے مسلمان رہنما جنہوں نے کانگریس اور مسٹر گاندھی کو پورے ہندوستان کا نمائندہ بنانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا، کانگریس کی تنگ اندیشیوں اور مسلم دشمنیوں سے دل برداشتہ ہو کر ان کی فریب کاریوں کے داغ اپنے سینوں میں لئے اس جہان فانی سے کوچ کر چکے تھے۔ جب مسٹر محمد علی جناح نے مایوس و دل شکستہ ہو کر انگلستان میں مستقل سکونت اختیار کر لی تھی۔ علامہ اقبال نے مسلم لیگ کے اجلاس الٰہ آباد منعقدہ ۱۲ نومبر ۱۹۳۰ء میں اسلامی اقدار کے احیاء اور اسلامی نظام کے اجراء کے لئے تقسیم ملک کی تجویز پیش کی۔ اس تجویز کے بعد مسلمانوں کی جدوجہد کا مقصد و مفہوم بدل گیا۔ اب مسلمانان ہند کی آزادی کا مطلب تھا ایسے حالات اور ایسا ماحول پیدا کرنا، ایسے معاشرے کی تعمیر کرنا جہاں اللہ کے احکام اور محمد رسول اللہ کی شریعت مطہرہ کا نفاذ و اجراء ہو، جہاں دستور ریاست علیٰ منہاج النبوت ہو۔

اس تحریک کو چوہدری رحمت علی، ڈاکٹر سید عبداللطیف اور خیری برادران نے آگے بڑھایا۔ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی نے اپنی تحریر و تقریر اور زبان و قلم سے نہ صرف اس نظریہ کو مستحکم کیا اور بہت سی خدمات انجام دیں بلکہ [illegible]۔ [illegible] اور نواب صدیق علی خان اس نظریہ کی تبلیغ و اشاعت میں [illegible] مولانا کے لٹریچر سے بیش بہا استفادہ کیا۔

علامہ اقبالؒ کی تحریک پر مسٹر جناح انگلستان سے واپس آگئے اور مسلم لیگ کی زمام قیادت سنبھال لی۔ اب وہ مسلمانان ہند کے قائداعظم تھے۔ قائداعظمؒ نے برصغیر کے طول و عرض میں مسلم قوم کو منظم و متحد کر کے ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو لاہور کے منٹو پارک میں شیر بنگال مولوی ابوالقاسم فضل الحق کے ذریعہ تحریک پاکستان پیش کی۔

قرارداد پاکستان کی منظوری کے بعد ۷ سال تک تحریک پاکستان کے تمام زعماء اور بالخصوص قائداعظم نے برصغیر کے مسلمان عوام کو یقین دلایا تھا کہ پاکستان ایک ایسی مملکت ہوگی جہاں نہ صرف مسلمانوں کی حکومت ہوگی بلکہ اسلامی طرز حیات اور طریقہ زندگی رائج کیا جائے گا۔ ہندوستان کا ایک چھوٹے سے چھوٹا [illegible] قائداعظم جہاں بھی تشریف لے جاتے [illegible] بچہ بچہ نعرے لگا رہا تھا "پاکستان زندہ باد" قائداعظم نے [illegible] کہ پاکستان کا مطلب کیا [illegible] معصوم بچے نے برملا کہا "لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ" اور قائداعظم نے تصدیق فرمائی "یہ ہے پاکستان کی مکمل تعریف"۔

بٹالوی کابینہ کے وفد کے ارکان نے چوہدری خلیق الزمان سے دریافت کیا تھا "آپ کا علاقہ تو پاکستان میں شامل نہیں ہوگا پھر آپ پاکستان کی تائید کیوں کرتے ہیں؟" اور چوہدری صاحب نے جواب دیا تھا "جس علاقہ میں مسلمان اکثریت میں ہیں اگر وہ آزاد ہو جائے تو وہاں اسلامی طرز حیات نافذ ہو جائے گا یہ ایک مسلمان کی اس سے بڑھ کر اور کیا خواہش ہو سکتی ہے"۔

۲۷ رمضان المبارک ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کی رات لیلۃ القدر بھی تھی۔ اور آپ جانتے ہیں لیلۃ القدر کیا ہے؟ لیلۃ القدر وہ رات ہے جو ہزار مہینوں سے زیادہ خیر و برکت والی ہے اور اسی رات کے بعد [illegible] سورج کی کرنوں سے پہلے [illegible] سبز ہلالی پرچم فضاؤں میں لہرا دیا گیا۔

پاکستان کو قائم ہوئے ۲۷ سال گزر چکے ہیں۔ پاکستان کا عام شہری اور تحریک پاکستان کا کارکن [illegible] قیادت کی طرف امید و بیم کی نگاہوں سے دیکھ رہا ہے۔

یہ داغ داغ اجالا یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا یہ وہ سحر تو نہیں

پکار کر کہو حواریو!

— محمد نیاز —

چمن میں جشنِ عام کا جو آج تذکرہ ہوا
کچھ اور گل اُداس اور لالہ غمزدہ ہوا
تمام تر دلوں کی بستیاں اُجاڑ اُجاڑ ہیں
ہوائے نوبہارِ ناز آئی بھی تو کیا ہوا

زبانِ عندلیب اور جبرِ خامشی یہاں
نوا بہ زیرِ لب صدائے فکرِ آگہی یہاں
[illegible] مرد کو
وگرنہ لاکھ لاکھ حادثے ہیں گفتنی یہاں

یہ اہتمام تو ہے دفعِ تیرگی کے واسطے
گھروں کو پھونکتے ہیں لوگ روشنی کے واسطے
دلوں کو توڑتے ہیں لوگ اور توڑتے ہیں یوں
کہ جیسے ہے فریضہ یہ بھی زندگی کے واسطے

ہزار لاکھ میں کوئی جو عیسیٰ غریب ہے
تو ہر قدم پہ اس کے واسطے کھڑی صلیب ہے
پکار کر کہو حواریو! پکار کر کہو
یہ قوم بدنصیب ہے۔ یہ ملک بدنصیب ہے

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو کینیڈا

الا ان اولیآء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون

استقلال نمبر

صدر فضل الٰہی اور وزیر اعظم بھٹو نے حلف اٹھالیا نیا دستور نافذ ہوگیا

کوثر نیازی کے صدا او وزیر اعظم کو قرآن کریم پیش کیا۔ اب ہنگامہ خیز سیاست کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ صدر فضل الٰہی

اسلام آباد ۱۴ اگست (اے پی پی) ...

پاکستان کے ساتھ بھارت کے مذاکرات ابھی جاری ہیں

سیلاب نے خوفناک صورت اختیار کر لی

۳۵ افراد کی لاشیں پانی سے نکال لی گئی ہیں

ریڈیو پاکستان نے اصل صورتحال سے عوام کو بے خبر رکھ کر حفاظتی اقدامات سے باز رکھا

۱۰ کشتیاں متاثرہ علاقوں میں گشت کر رہی ہیں ہیلی کاپٹر کے ذریعہ رسد پہنچائی جا رہی ہے

وزیر آباد اور شکر گڑھ سب سے زیادہ متاثرہ علاقے ہیں

لاہور ۱۴ اگست (اے پی پی) پنجاب اور اس کے قریب دریاؤں کے علاقوں میں سیلاب نے انتہائی خوفناک صورت اختیار کر لی ہے ...

تباہی کیلئے ریڈیو پاکستان کو کلی ذمہ دار قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس نے اپنی نشریات میں عوام کو اس صورت حال سے بے خبر رکھ کر انہیں حفاظتی اقدامات سے باز رکھا ...

آج ۲۵ واں یوم آزادی غم اور خوشی کے ملے جلے جذبات کے ساتھ منایا جائے گا

نو منتخب وزیر اعظم کو حزب اختلاف کی جانب سے جمہوریت کی بقا کیلئے تعاون کی یقین دہانی

پاکستان پر کوئی نیا حملہ ہوا تو ہم اس کے دفاع میں عملاً شریک ہوں گے شاہ ایران

ہمسایہ ملک میں علیحدگی کی تحریکوں سے ایران کی مشرقی سرحد خطرہ میں پڑ جائیں گی



واشنگٹن ۲۹ جولائی (اے پی پی) شاہ ایران نے ایک بار پھر غیر مبہم الفاظ میں اپنے اس عہد کو دہرایا ہے کہ اگر پاکستان پر کسی ملک نے حملہ کیا تو ایران پاکستان کی بھرپور مدد کرے گا ...

نقشے میں بنگلہ دیش کو بھارت کا حصہ دکھایا گیا

نئی دہلی ۲۷ جولائی (رپورٹر) ...

...یہ نقشہ بھارت کے خلاف ہے۔